دفتر مقام معظم رهبری
www.leader.ir

اسلامی تبلیغی رابطہ کونسل کے نئے سربراہ کا تقرری حکم - 28 /Nov/ 2021

آیت اللہ جنتی کے اسلامی تبلیغی رابطہ کونسل کی سربراہی سے مستعفی ہونے کے بعد آیت اللہ خامنہ ای نے ایک حکم میں ان کی خدمات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے حجۃ الاسلام محمد حسین موسی پور کو کونسل کا سربراہ مقرر کیا۔
رہبر معظم انقلاب اسلامی کے حکم کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم
اسلامی تبلیغی رابطہ کونسل دہائیوں سے فعال اور بااثر قانونی اداروں میں سے ایک ہے اور انقلاب اسلامی کی مختلف مناسبتوں اور مواقع کی یادگاری تقریبات میں بصیرت افزائی اور بلند افق دکھانے کا ذریعہ رہی ہے اور اس نے آیت اللہ جنتی دامت برکاتہ کے کامیاب انتظام میں ملک کے لیے گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ اب جناب آقای جنتی کے استعفیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے اور انکی بے پناہ خدمات کا شکریہ اور قدردانی کرتے ہوئے میں جناب حجت الاسلام جناب حاج شیخ محمد حسین موسی پور دام توفیقہ کو اس کونسل کا سربراہ مقرر کرتا ہوں۔
امید کی جاتی ہے کہ اس کونسل کی راہ اور روش عظیم مذہبی رہنماوں کے طرزعمل پر عمل کرتے ہوئے نعروں کی تشریح، ان کے معنی کو گہرائی دینے اور سامعین کے دلوں تک صادقانہ اور مخلصانہ پیغام پہنچانے پر مبنی ہوگیہ یہ کونسل شروع سے اسی بنیاد پر قائم ہوئی اور کام کرتی چلی آرہی ہے اور اسے اس پر زیادہ سے زیادہ توجہ دینی چاہیے۔
میری نصیحت یہ ہے کہ تقریبات کو عوامی اور مقبول بنایا جائے، مساجد اور عوامی مراکز کو فعال کیا جائے، اور انقلابی نوجوانوں کی اختراعات اور تخلیقی صلاحیتوں سے استفادہ کیا جائے، اور مذہبی اور انقلابی تقریبات کو تر و تازگی بخشی جائے۔ ایک اور تجویز یہ ہے کہ انتظامی ڈھانچے کو متحرک اور ہلکا کیا جائے اور اس کے ملحقات اور خستہ حالی سے چھٹکارا حاصل کیا جائے۔
میں اللہ تعالی سے ان کی کامیابی کے لیے دعا گو ہوں اور آیت اللہ جنتی کا دوبارہ شکریہ ادا کرتا ہوں۔

سیّدعلی خامنہ‌ای
28 نومبر 2021